PS+YOU

چانسلر Kamar H. Samuels کی جانب سے








## بطور چانسلر میرے پہلے ہفتے پر ایک نظر

عزیز اہلِ خانہ اور رفقائے کار،

پچھلا ہفتہ ، میرا بطور آپ کے نیو یارک شہر پبلک اسکولز چانسلر پہلا ہفتہ تھا، جو پُر جوش اور گہرے جذبات دونوں سے بھرا ہوا تھا۔ میں نے پانچوں بروز کے اسکولوں کا دورہ کیا، اور میری ملاقات طلباء، عملے، خاندانوں، اور برادری کے اراکین سے ہوئی— اور ان کے خیالات اور ردعمل سے مجھے مسلسل تحریک ملتی ہے۔

گزشتہ پیر کے روز، میں نے برونکس میں PS/MS 194 کے کلاس رومز کا دورہ کیا۔ یہ وہ اسکول ہے جہاں میں 2000 کے شروع میں پڑھایا کرتا تھا۔ چند آشنا چہروں نے میرا خیر مقدم کیا، بشمول سابقہ طالب علم عبداللّٰہ(Abdulla)، جو صرف ملاقات کرنے آیا تھا۔ اس کی موجودگی خصوصاً معنی خیز تھی۔ جب عبداللہ ایک طالب علم تھا، اسے ہمیشہ اسکول سے کچھ زیادہ لگاؤ نہیں تھا۔ اس وقت، میں نے اس کے ساتھ سوکر کھیل کر اور دوڑوں میں حصہ لیکر مدد کرنے کی کوشش کی۔ ہمارے اس دورے کے دوران اس نے میرے ساتھ وہ مختصر لمحات شئیر کیے جب اسے اپنے موجود ہونے اور سمجھنے میں مدد ملنے کا احساس ہوا۔

یہ تجربہ آج بھی کام کے بارے میں میری سوچ کی تشکیل کرتا ہے۔ میں ایک ایسے نظام کی قیادت کرنے کے لیے پُرعزم ہوں جو طالب علم کی مدد، ماحول کی افزائش ، اور اعلیٰ معیاری، ثقافتی طور پر موزوں تدریس کو ترجیح دیتا ہے۔ 20 سال سے زائد بطور ایک NYCPS استاد اور قائد، اور بحیثیت NYCPS کے دو طلباء کے فخریہ والدین، میرا یقین ہے کہ ہر بچہ محفوظ، تعلیمی طور پر پُر مشقت اور حقیقی معنوں میں جامع اسکولوں کا مستحق ہے۔ آپ ان مخصوص شعبوں کے بارے میں میرے حالیہ اہلِ خانہ کے لیے پیغام میں مزید جان سکتے ہیں۔.

میں اپنے طلباء (جیسے عبداللہ ہے، جو اپنے طرزمعاش میں اب انتہائی کامیاب ہے!) کو روشن، کامیاب مستقبل کی تیاری کروانے میں آپ کے ساتھ شریک ہونے کا متمنی ہوں ۔

شراکت میں،

Kamar H. Samuels
چانسلر

مزید خبروں اور وسائل کے لیے The Morning Bell ملاحظہ کریں اور NYCPS کو آن لائن فیس بُک، انسٹا گرام، X اور یوٹیوب پر فالو کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ اس خبرنامے کو مزید وصول نہیں کرنا چاہتے، تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔